مَدرَسَہ عُلومِ دِینِیّہ مَالوَالی مَسجِد
মাদ্রাসা উলূমি দীনিয়া মালওয়ালী মসজিদ
Madrasa Uloom-e-Dinniya Malwali Mosjid
Kakrail, Dhaka - 1000 কাকরাইল, ঢাকা - ১০০০ کاکرائیل ڈھاکہ ۱۰۰۰

باسمہ تعالیٰ

دعوت نامہ برائے ٹونگی اجتماع اور اجتماع کی تاریخ

۳۱ جنوری ۱، ۲ فروری ، ۲۰۲۵

تاریخ : ۱٤ جمادي الاولي، ۱٤٤٦

۱۷ نومبر / ۲۰۲٤

محترم و مکرم احباب اہل شوریٰ و ذمہ داران حضرات

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

امید ہے کہ بفضلہ سبحانہ وتعالیٰ بخیر وعافیت ہوں گے اور دین عالی کی مبارک محنت میں مشغول ہوں گے۔ اللہ تعالیٰ نے انسان کو دو زندگیاں دی ہیں، ایک دنیا کی دوسری آخرت کی۔ اخرت کی زندگی موت کے بعد سے شروع ہو گی پھر کبھی ختم نہ ہو گی، انسان کی اصل زندگی اخرت کی ہے۔ جس کے بارے میں رسول پاک صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اِنما الدنیا خلقت لکم وانتم خلقتم للاخرۃ دنیا تمہارے لیے پیدا کی گئی اور تم اخرت کے لیے پیدا کیے گئے اسی لیے تمام صحابہ کرام نے اخرت کو اپنا مقصد بنایا فرمایا انما ھمنا الاخرہ۔
دونوں زندگی کی کامیابی کے لیے اللہ تعالیٰ نے دین عطا فرمایا اور دین اللہ تعالیٰ کے احکامات کو نبی پاک صلی اللہ علیہ وسلم کے مبارک طریقہ کے مطابق عمل کرنے کا نام ہے۔

دین کی بنیادی چیز ایمان ہے کہ اللہ تعالیٰ ہمارا خالق ومالک ہے۔ تمام کائنات انہیں کے قبضہ قدرت میں ہے۔ صحابہ کرام نے ایمان کو کامل درجہ میں حاصل کیا، حضرت عبداللہ ابن حذافہ رضی اللہ عنہ نے حکومت کے مقابلہ میں ایک لمحہ کے لیے ایمان نہیں چھوڑا۔ اسی طرح دین کے جتنے شعبے ہیں تمام شعبوں کو اپنی زندگی میں اپنایا ہے۔ اللہ تعالیٰ نے اسی دین کی احیاء کے لیے ہر زمانہ میں نبی بھیجے اور نبوت کا سلسلہ اپ صلی اللہ علیہ وسلم پر ختم فرما کر اس امت کو یہ ذمہ داری دی ہے۔ اس لیے صحابہ نے ایمان وعلم کی روشنی میں نماز قائم کرتے ہوئے ذکر الٰہی کے ساتھ اپنے اخلاق درست کرتے ہوئے حقوق کی ادائیگی کے ساتھ رضائے مولا کے لیے پوری دنیا بھر میں پھرتے رہے۔ اس لیے ہر ساتھی صحابہ کے اتباع کرتے ہوئے سالانہ، ماہانہ اور مقامی کام کا اہتمام کے ساتھ کرتے رہے اور انفرادی اعمال کی پابندی کرے۔

الحمدللہ اسی سلسلہ پر آیندہ ۳۱ جنوری و یکم ودوم فروری ۲۰۲۵ کو ٹونگی کا اجتمال منعقد ہو گی انشاءاللہ
جس میں ہند و پاک کے شورائی نظام کے اکابر حضرات اور علماء کرام شرکت فرماویں گے۔

لہذا اپنے اپنے ملک سے اجتمال سے پہلے کی محنت کے لیے کثرت سے تین چلے / چلے کی جماعتیں بھیجنے کی کوشش فرماوے یا کم از کم اجتماع میں تین چلے یا چلے کے لیے تشریف لاوے۔
یہ خط اپنے اطراف کے تمام شہروں میں بھیجنے کی کوشش فرماویں۔ اس سلسلے میں ککرائیل سے رابطہ کے لیے ذیل میں عنوان اور نمبر درج ہیں

Email: madrasaudkakrail@gmail.com

عرض گذار

محمد زبیر

محمد زبیر

منجانب اھل شوریٰ (شورا ئی نظام) بنگلہ دیش

-ککرئیل- ڈھاکہ

خصوصی نوٹ

۱. برائے کرم اجتماع کے میدان میں سردی کے سامان ساتھ لاے .

۲. ملک بدر بھائیوں سے عرض ہے کہ ضرورت سے زائد سامانہ میدان میں نہ لائے